No. of Printed Pages : 6 **BUDC-112**

# B.A. Hons. (Urdu)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## December, 2024

## BUDC-112 : Special Study of Allama Iqbal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب دینے لازمی ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف)

۱۔ علامہ اقبال کے سوانحی حالات اور ان کی علمی و فکری خدمات کا جائزہ لیجئے۔ ۲۰

یا

اقبال کے عہد کے سماجی مسائل اور ان کے حل
کے لیے اقبال کی فکر کا تجزیہ پیش کیجئے۔

۲۔ اقبال کی شاعری میں فلسفہ خودی پر سیر حاصل گفتگو
کیجئے۔ ۲۰

یا

اقبال کی اردو اور فارسی تصانیف کی ادبی اہمیت پر
مفصل بحث کیجئے۔

(حصہ ب)

۳۔ اقبال کی شاعری میں حرکت وعمل کی مثالوں
کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ ۱۵

یا

اقبال کی شاعری میں عشق اور عقل کی کشمکش پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

۴۔ اقبال کی شاعری میں تصور قومیت کو واضح کیجیے۔ ۱۵

یا

اقبال کی نظم نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(حصہ ج)

۵۔ اقبال کی نظم ''ہمالہ'' میں فطرت کے حسن اور فلسفیانہ خیالات کے امتزاج پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

اقبال کی نظم ''تصویر درد'' کے فکری پہلو اور علامتی مفاہیم پر گفتگو کیجیے۔

۶۔ اقبال کی شخصیت پر مغربی مفکرین کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔ ۱۰

یا

اقبال کی شاعری کے مختلف ادوار کی انفرادیت بیان کیجئے۔

۷۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ ۱۰

تو ابھی رہ گزر میں ہے قید مقام سے گزر
مصر و حجاز سے گزر پارس و شام سے گزر

جس کا عمل ہے بے غرض اس کی جزا کچھ اور ہے

حور و خیام سے گزر بادہ و جام سے گزر

گرچہ ہے دل کشا بہت حسن فرنگ کی بہار

طائرک بلند بام دانہ و دام سے گزر

کوہ شگاف تیری ضرب تجھ سے کشاد شرق و غرب

تیغ ہلال کی طرح عیش نیام سے گزر

تیرا امام بے حضور تیری نماز بے سرور

ایسی نماز سے گزر ایسے امام سے گزر

اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا

مجھے فکر جہاں کیوں ہو جہاں تیرا ہے یا میرا

اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لا مکاں خالی

خطا کس کی ہے یا رب لا مکاں تیرا ہے یا میرا

اسے صبح ازل انکار کی جرأت ہوئی کیوں کر

مجھے معلوم کیا وہ رازداں تیرا ہے یا میرا

محمد بھی ترا جبریل بھی قرآن بھی تیرا

مگر یہ حرف شیریں ترجماں تیرا ہے یا میرا

اسی کوکب کی تابانی سے ہے تیرا جہاں روشن

زوال آدم خاکی زیاں تیرا ہے یا میرا